## خوانہ غریب نواز کی درگاہ پر دہشت گردی شرمناک عمل ہے، الطاف حسین

لندن ۔۔۔ 11، اکتوبر 2007ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سلطان ہند حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ المعروف خواجہ غریب نواز کی درگاہ پر بم دھماکے اور متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے ۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ جن درندہ صفت اور سفاک دہشت گردوں نے خواجہ غریب نواز کی درگاہ شریف پر یہ گھناؤنا اور شرمناک عمل کیا ہے وہ انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہیں ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ مجھ سمیت انسانیت اور تمام مذہب کا احترام کرنے والے ہر فرد کا دل اس ظالمانہ کارروائی پرخون کے آنسو رو رہا ہے ۔ جناب الطاف حسین نے بھارت کی صدر محترمہ پرتھیبا پاٹل اور وزیراعظم جناب من موہن سنگھ سے خواجہ غریب نوازؒ کی درگاہ مقدس پر حملہ کرنے والے دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دلوائیں ۔ جناب الطاف حسین نے دہشت گردی کے اس واقعہ میں ہلاک وزخمی ہونے والے افراد کے اہل خانہ سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ۔

## آتشزدگی کے واقعہ میں جھلس کر زخمی ہونے والے ایم کیوایم کے ایک اور کارکن محمد علی قریشی اور ہمدرد ریحان قریشی، ابرار اور سلیم کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔ 11، اکتوبر 2007ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جھلس کر زخمی ہونے والے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے یونٹ 77 کے کارکن محمد علی قریشی، ہمدرد ریحان قریشی، ابرار اور سلیم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ جناب الطاف حسین نے سوگواران سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔ ( آمین )

## کراچی میں جھلس کر زخمی ہونے والے مزید چار افراد چل بسے
## جاں بحق افراد میں ایم کیوایم کے کارکن محمد علی قریشی، ہمدرد سلیم، ریحان قریشی اور ابرار شامل ہیں
## مرحومین کو کورنگی کے مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ 11، اکتوبر 2007ء ۔۔۔ کراچی میں آتشزدگی کے باعث جھلس کر شدید زخمی ہونے والے چار افراد پانچ روز تک زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا رہنے کے بعد جمعرات کے روز چل بسے ۔ (انا اللہ وانا الیہ راجعون ) ۔تفصیلات کے مطابق صدارتی انتخاب میں ایم کیوایم کے حمایت یافتہ امیدوار صدر جنرل پرویز مشرف کی کامیابی کی خوشی میں ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے جشن منانے کیلئے سی ویو جا رہے تھے کہ راستے میں ان کی گاڑی میں موجود آتشبازی کے سامان میں آگ لگ گئی جس کے نتیجے میں ایم کیوایم کے 21 کارکنان وہمدرد جھلس کر شدید زخمی ہوگئے تھے ۔زخمی ہونے والے مزید چار افراد جمعرات کو زخموں کی تاب نہ لاکر جاں بحق ہوگئے ۔ جاں بحق افراد میں ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 77 کے کارکن محمد علی قریشی، ایم کیوایم کے ہمدرد سلیم، ریحان قریشی اور ابرار شامل ہیں ۔یاد رہے کہ جھلس کر شدید زخمی ہونے کے باعث اب تک ایم کیوایم کے تین کارکنان اور پانچ ہمدرد شامل ہیں ۔ دریں اثناء آتشزدگی کے واقعہ میں جاں بحق ہونے والے ایم کیوایم کے ہمدرد سلیم اور ابرار کو آج کورنگی نمبر ایک کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا ۔ مرحومین کے تدفین میں حق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد، حق پرست رکن سندھ اسمبلی عامر معین، کورنگی ٹاؤن کے حق پرست ناظم عارف خان ایڈوکیٹ، نائب ناظم اصغر قریشی ، یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومین کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کارکن محمد علی قریشی، ہمدرد سلیم، ریحان قریشی اور ابرار کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی عطا کرے ۔ ( آمین )

## سوشل سیکورٹی کی سی بی اے یونین کا چارٹرڈ یمانڈ منظور کرنے پر ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کا اظہار تشکر

کراچی۔۔۔11، اکتوبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کی سینٹرل کو آرڈی نیشن کمیٹی کے انچارج واراکین نے حق پرست صوبائی وزیر عادل صدیقی کی جانب سے سوشل سیکورٹی کی سی بی اے یونین کا چارٹر آف ڈیمانڈ منظور کرنے پر دلی تشکر کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں سینٹرل کو آرڈی نیشن کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ حق پرست صوبائی وزیر برائے ٹرانسپورٹ، لیبر اور ای کا مرس عادل صدیقی نے پرائیویٹ فیکٹریوں میں کام کرنے والے غریب مزدوروں اور ان کے بچوں کی فلاح و بہبود اور صحت و تعلیم کیلئے بھرپور کردار ادا کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ سوشل سیکورٹی کے محنت کشوں کی بہتری کیلئے حق پرست قیادت اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔لیبر ڈویژن کی سینٹرل کو آرڈی نیشن کمیٹی کے اراکین سوشل سیکورٹی کے محنت کشوں کو سی بی اے یونین کا چارٹر آف ڈیمانڈ منظور ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی۔

## متحدہ دکھی انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتی ہے، اقبال محمد علی

## یونین آف جرنلسٹ آزاد کشمیر کی دعوت پر منعقدہ اہم اجلاس سے حق پرست نمائندگان کا خطاب

مظفر آباد۔۔۔11، اکتوبر 2007ء۔۔حق پرست وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس اقبال محمد علی نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم، سینیٹ اور قومی اسمبلی میں آزاد کشمیر کے متاثرہ علاقوں کی تعمیر نو اور متاثرہ عوام کے مسائل کے حل کیلئے بھرپور آواز اٹھائے گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز یونین آف جرنلسٹ آزاد کشمیر کے صدر سلیم پروانہ کی زیر صدارت آزاد کشمیر میڈیا کی دعوت پر منعقدہ اہم اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر حق پرست سینیٹر ڈاکٹر عبدالخالق پیرزادہ، اراکین قومی اسمبلی عابد علی امنگ، عبدالوسیم ،آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے حق پرست پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر، ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے جوائنٹ انچارج ملک تنویر اور ضلعی انچارج الطاف اعوان بھی موجود تھے۔اجلاس سے دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا۔بعدازاں یونین آف جرنلسٹ کے صدر سلیم پروانہ نے آزاد کشمیر اور صوبہ سرحد میں قیامت خیز زلزلے کے دوران ایم کیو ایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں کو سراہا اور جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیا۔

☆☆☆☆☆